# 22121 ـ نماز جمعہ سے قبل لاؤڈ سپیکر میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا

**سوال**

عالم اسلامی کی مختلف مساجد میں نماز جمعہ سے قبل لاؤڈ سپیکروں پر قرآن کی تلاوت کی جاتی ہے، ایسا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کتاب و سنت میں اس عمل کی کوئی دلیل نہیں ملتی اور نہ ہی اس پر صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم کا عمل رہا ہے، یہ مذکورہ طریقہ نیا ایجاد کردہ امور میں شامل ہے، اور اس لیے بھی کہ ایسا کرنے سے نمازیوں کی نماز اور قرآت قرآن میں خلل اندازی ہو سکتی ہے.

اللہ تعالی ہی زیادہ علم رکھنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.